**17.01.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فرقان خان

Music

.................................................................

☆ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے راشٹریہ اِسپات نگم لمیٹڈ کیلئے 11 ہزار 400 کروڑ روپئے سے زیادہ کے بحالی پیکیج کو منظوری دی ہے۔

☆ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 31 جنوری سے شروع ہوگا۔

☆ 70 ممبروں پر مشتمل دلّی اسمبلی کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل ختم ہوگیا ہے۔ ایک ہزار سے زیادہ امیدواروں نے پرچے داخل کئے ہیں۔

☆ BJP نے دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے اپنا منشور جاری کردیا ہے، جس میں غریب خاتون کیلئے ماہانہ ڈھائی ہزار روپئے کا الاؤنس اور 500 روپئے میں LPG سلینڈر دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔

☆ وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ روس کی فوج میں خدمت انجام دینے والے 12 بھارتی تنازع میں جاں بحق ہوگئے ہیں جبکہ 16 اب بھی لاپتہ ہیں۔

☆ انڈیا اوپن بیڈمنٹن میں چراغ شیٹی اور ست وِک سائی راج رنکی ریڈی ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

☆ اور کھوکھو عالمی کپ میں، بھارتی خواتین بنگلہ دیش کو 109 کے مقابلے 16 سے شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

.................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Vaishnaw RINL***

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے راشٹریہ اسپات نگم لمیٹڈ RINL کیلئے 11 ہزار 440 کروڑ روپئے کے بحالی پیکیج کی منظوری دی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ بحالی پیکیج کی منظوری کل کی کابینہ میٹنگ میں ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ RINL ملک کے اسٹیل شعبے کی ایک اہم کمپنی ہے جو آندھراپردیش میں واقع ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اِس پیکیج کی مدد سے RINL کے تمام ملازمین کے ساتھ ساتھ RINL کی اقتصادی کارروائیوں سے متعلق تمام لوگوں کو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

S/B Ashwini Vaishnaw

## PM Bharat Mobility

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کا آٹوموبائل شعبہ، غیر متوقع بدلاؤ کے دور سے گزر رہا ہے جسے ملک کے عوام کی امنگوں سے تقویت ملتی ہے۔ وزیر اعظم نے موبلیٹی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مقام کے طور پر ملک کی گنجائش پر روشنی ڈالی۔ جناب مودی نے گرین ٹیکنالوجی اور میک اِن انڈیا پہل جیسے اقدامات پر زور دیتے ہوئے حکومت کی جانب سے حمایت کے عزم کو دوہرایا۔

وزیر اعظم مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ 6 روزہ بھارت موبلٹی گلوبل ایکسپو 2025 کے افتتاح کے موقع پر اظہار خیال کر رہے تھے۔

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ موبلٹی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے خواہشمند ہر شخص کیلئے بھارت ایک غیر معمولی مقام کے طور پر ابھرا ہے۔x

## Shah MP Criminal Laws

وزیر داخلہ امت شاہ نے مدھیہ پردیش میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ نئی دلّی میں منعقدہ اِس میٹنگ کے بعد وزارت داخلہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جناب شاہ نے مدھیہ پردیش میں تینوں نئے فوجداری قوانین کے نفاذ سے متعلق پیش رفت پر مدھیہ پردیش حکومت کی کوششوں کی تعریف کی۔ بیان کے مطابق جناب شاہ نے ریاست میں اِن تینوں فوجداری قوانین کے جلد سے جلد سو فیصد نفاذ کی ضرورت پر زور دیا۔

میٹنگ کے دوران جناب شاہ نے کہا کہ دہشت گردی اور منظّم جرائم کے تحت کیس درج کرنے سے پہلے سینئر پولیس افسران کو یہ دیکھنا چاہیے کہ متعلقہ کیس، اِن دفعات کے نفاذ کا اہل ہے یا نہیں۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ اِن قانونی گنجائشوں کے غلط استعمال سے نئے فوجداری قوانین کے تقدس میں کمی واقع ہوتی ہے۔ x

## Par Budget Session

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 31 جنوری سے شروع ہوگا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 31 جنوری کو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔ مرکزی بجٹ یکم فروری کو پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس کا پہلا حصہ 31 جنوری سے 13 فروری تک جبکہ دوسرا حصہ 10 مارچ سے 4 اپریل تک ہوگا۔x

## Prez National Sports Award

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں 2024 کے قومی کھیل ایوارڈس عطا کئے۔ شطرنج کے عالمی چمپئن ڈی گوکیش، پیرس اولمپک میں دو تمغہ جیتنے والی منوبھاکر، مردوں کے بھارتی ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ اور پیرس پیرالمپکس میں سونے کا تمغہ جیتنے والے پروین کمار کو میجر دھیان چند کھیل رتن ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔

پیرا شوٹنگ کے کوچ سبھاش رانا، شوٹنگ کوچ دیپالی دیش پانڈے، ہاکی کوچ سندیپ ساگوان، بیڈمنٹن کوچ ایس مرلی دھرن اور فٹبال کوچ Armando Agnelo Colaco کو درونا چاریہ ایوارڈ دیئے گئے۔ 32 کھلاڑیوں کو ارجن ایوارڈ سے نوازا گیا۔x

### I&B Amendment Cable Operatior

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے آج ایک نوٹیفکیشن جاری کرکے 1994 کے کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورک کے اصول وضوابط کی ترمیم کی ہے تاکہ مقامی کیبل آپریٹر کے رجسٹریشن کے عمل کو درست کیا جاسکے۔ مقامی کیبل آپریٹر LCO کا رجسٹریشن آج سے پوری طرح آن لائن ہوگا۔ وزارت نے کہا ہے کہ درخواست گزاروں کی تفصیلات کی کامیاب تصدیق کے فوراً بعد رجسٹریشن سرٹیفکیٹس جاری کئے جائیں گے۔ LCO رجسٹریشن کا جواز ملک بھر میں بڑھا کر پانچ سال کیلئے کردیا گیا ہے۔اِس سے پہلے مقامی کیبل آپریٹر رجسٹریشن کا عمل آف لائن موڈ میں مقامی ہیڈ پوسٹ آفس میں کیا جاتا تھا۔ ترمیم شدہ اصول وضوابط کے تحت رجسٹریشن یا اُس کی تجدید کی فیس پانچ ہزار روپے ہوگی۔ رجسٹریشن کی تجدید کی درخواست رجسٹریشن ختم ہونے سے کم از کم 90 دن پہلے دینی ہوگی۔x

### Mahakumbh Review

اب خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ سے..................

Montage

سرکار 29 جنوری کو پریاگ راج کے مہاکنبھ میں Mauni Amavasya امرت اسنان کی تیاری کو قطعی شکل دے رہی ہے۔ توقع ہے کہ آٹھ کروڑ سے زیادہ عقیدتمند اور زائرین Mauni Amavasya کے موقع پر ترو ینی سنگم میں اسنان کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Anand Kumar

تیاریوں کو بہتر کرنے کی غرض سے چیف سکریٹری منوج کمار سنگھ اور DGP پرشانت کمار نے کُل مہاکنبھ علاقے کا دورہ کیا اور مربوط کمانڈ اور کنٹرول مرکز میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

چیف سکریٹری نے کہا کہ وزیراعظم کے مہاکنبھ کے ممکنہ دورے کے پیش نظر بھی تیاری کی جارہی ہے۔ انھوں نے ہدایت دی ہے کہ تمام تیاریاں جلدی سے مکمل کی جائیں اور یہ بھی کہا کہ تمام محکموں کے سیکٹر مجسٹریٹس، پولیس اور افسران تمام سیکٹروں میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں۔

سکیورٹی انتظامات کے جائزے کے دوران، چیف سکریٹری اور DGP نے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔

چیف سکریٹری نے میلے کے علاقے سمیت تمام جگہوں پر مناسب پولیس بندوبست کی ضرورت پر زور دیا اور ہدایت دی کہ پولیس اہلکار وقت پر ڈیوٹی پر آئیں۔

پریاگ راج کنبھ سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Delhiomination

70 رکنی دلّی ریاستی اسمبلی کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن تھا۔ اسمبلی انتخابات کیلئے مجموعی طور پر ایک ہزار سے زیادہ امیدواروں نے اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کئے ہیں۔

آج کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن BJP کی شِکھا رائے اور نیرج بَسویا نے جبکہ عام آدمی پارٹی کے اودھ اوجھا، راکھی بدلان اور بندنا کُماری نے اپنی امیدواری داخل کی۔ امیدوار، پیر کے روز تک اپنی امیدواری واپس لے سکتے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC- Bhanu/ Saklen (E/H Nation)

پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کے عمل کے ختم ہونے کے ساتھ ہی عام آدمی پارٹی، کانگریس اور BJP سمیت چھوٹی پارٹیوں کے امیدواروں نے دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے اپنی تشہیری مہم تیز کر دی ہے۔

امیدوار پد یاترائیں منعقد کر رہے ہیں اور گھر گھر جاکر رائے دہندگان کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اس دوران BJP کے سینئر رہنما انوراگ سنگھ ٹھاکر، رکنِ پارلیمنٹ بانسری سوراج اور دلّی BJP کے دیگر رہنماؤں نے شہر کے مختلف علاقوں میں اپنے امیدواروں کے حق میں ووٹ مانگے۔

وہیں عام آدمی پارٹی کے سینئر رہنما اور پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان اور دیگر AAP رہنماؤں نے بھی قومی راجدھانی میں روڈ شوز کئے اور پدیاترائیں کیں۔

کانگریس کی جانب سے دلّی کانگریس صدر دیویندر یادو اور دیگر نے تشہیری مہم انجام دی۔

کانگریس اور برسر اقتدار عام آدمی پارٹی کی جانب سے وعدوں کے سلسلے کے بعد آج BJP نے بھی رائے دہندگان کو اپنی جانب راغب کرنے کیلئے پنشن، LPG سلینڈر اور غریب خواتین کو مالی فائدہ پہنچانے سے متعلق اپنے وعدوں کو عوام کے روبرو پیش کیا۔

نئی دلّی سے بھانو اور ثقلین کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آفتاب احمد

## BJP Delhi Sankalp Patra

BJP نے آج وعدہ کیا ہے کہ اگر وہ دلّی میں اقتدار میں آئے گی تو قومی راجدھانی میں سبھی غریب خاتون کو ماہانہ ڈھائی ہزار روپئے دے گی اور 500 روپئے میں LPG سلینڈر فراہم کرے گی۔ پارٹی صدر جے پی نڈّا نے آج نئی دلّی میں BJP کے سنکلپ پتر حصہ ایک کا اجرا کیا۔ پارٹی نے مرکزی سرکار کی آیوشمان بھارت اسکیم نافذ کرنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ BJP شہر میں اضافی پانچ لاکھ روپئے کا ہیلتھ کور بھی فراہم کرے گی۔ جناب نڈا نے کہا کہ اگر BJP سرکار بناتی ہے تو وہ اٹل کینٹین اسکیم کے تحت تمام JJ کلسٹر علاقوں میں پانچ روپئے میں صحت بخش کھانا فراہم کرے گی۔ انھوں نے یہ بھی وعدہ کیا کہ بزرگ شہریوں کا پنشن بڑھا کر ہر ماہ دو ہزار روپئے سے ڈھائی ہزار روپئے کیا جائے گا۔

جناب نڈا نے عام آدمی پارٹی کو پچھلے اسمبلی انتخابات کے دوران کئے گئے اپنے وعدے نہ پورا کرنے کا بھی قصوروار ٹھہرایا۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ پنجاب میں بھی جو وعدے کئے گئے ہیں وہ پورے نہیں کئے گئے۔ انھوں نے مزید کہا کہ دلّی میں فی الحال جاری تمام موجودہ فلاحی اسکیموں کو BJP کے اقتدار میں آنے کے بعد بھی جاری رکھا جائے گا۔BJP کے سنکلپ پتر پر تبصرہ کرتے ہوئے عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال نے کہا ہے کہ BJP نے اعتراف کرلیا ہے کہ عام آدمی پارٹی کی سرکار قومی راجدھانی میں بہت سی فلاحی اسکیمیں چلا رہی ہے۔اسی دوران، کانگریس کے ترجمان پون کھیڑا نے دعویٰ کیا ہے کہ BJP اور عام آدمی پارٹی نے قومی راجدھانی میں کوئی کام نہیں کیا ہے۔x

## Imran Khan Sentenced

پاکستان کے سابق وزیر اعظم عمران خان کو 14 برس قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ اُنھیں القادر ٹرسٹ زمین بدعنوانی معاملے میں یہ سزا سنائی گئی ہے۔ عمران خان کی اہلیہ بُشریٰ بی بی کو بھی اِس معاملے میں سات سال جیل کی سزا ہوئی ہے۔ کرکٹر سے سیاستداں بنے عمران خان کو 190 ملین پاؤنڈ کے اب تک کے سب سے بڑے معاشی بے ضابطگی معاملے میں یہ سزا سنائی گئی ہے۔راولپنڈی جیل کی بدعنوانی مخالف عدالت نے عمران خان کیلئے اِس سزا کا اعلان کیا۔ عمران خان اگست 2023 سے اِس جیل میں قید ہیں۔ x

## MEA Briefing

روس کی فوج میں خدمت انجام دینے والے مجموعی طور پر 12 بھارتی تنازع میں اب تک جاں بحق ہوگئے ہیں جبکہ 16 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو معلومات فراہم کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ کیرالہ کے Binil بابو کی موت افسوسناک ہے اور وزارت نے اُن کے اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک اور بھارتی، جو زخمی ہوگئے تھے اُن کا علاج ماسکو کے ایک اسپتال میں چل رہا ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ روس کی فوج میں خدمات انجام دینے والے اب تک 96 بھارتی واپس آچکے ہیں اور اُنھیں روس کی فوج سے آزاد کردیا گیا ہے۔

بنگلہ دیش کی صورتحال پر ترجمان نے کہا کہ بھارت، بنگلہ دیش کے ساتھ دوستانہ تعلقات چاہتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ خارجہ سکریٹری نے بنگلہ دیش کا دورہ کیا اور اِس بات کا اعادہ کیا کہ بھارت صحیح سمت میں جانا چاہتاہے۔

امریکہ کی طرف سے روسی تیل پر جاری پابندیوں پر جناب رندھیر نے کہا کہ بھارت، امریکی حکام کے ساتھ رابطے میں ہے تاکہ بھارتی کمپنیوں پر اِس کے اثرات سے متعلق معاملات کی وضاحت کی جاسکے۔x

## RBI Monthly Bulletin

بھارت کے ریزرو بینک کے جنوری 2025 کے ماہانہ بُلیٹن کے مطابق گھریلو مانگ میں دوبارہ آئی تیزی کی بدولت بھارت کی معاشی نمو، پھر سے صحتمند رجحان کی جانب لوٹنے کیلئے تیار ہے۔

RBI کے ڈپٹی گورنر میکائل دیبپ برت پاترا کی قیادت والی ٹیم کی جانب سے تحریر کردہ مضمون ''اسٹیٹ آف اکانومی'' کے مطابق دیہی مانگ میں تیزی کا رجحان جاری ہے جو روشن زرعی امکانات سے تقویت پاکر تصرف میں لچک کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔ مضمون کے مطابق بنیادی ڈھانچے میں عوامی سرمایہ کاری کی بازیابی سے اہم شعبوں میں تیزی آسکتی ہے۔ تاہم موسم سے متعلق ہنگامی صورتحال اور عالمی سطح پر ناموافق حالات، بڑھتی لاگت کے ساتھ ملکر مینوفیکچرنگ شعبے کیلئے جوکھم پیدا کرسکتے ہیں۔ x

## Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں کل کی جھڑپ کے بعد سکیورٹی فورسز نے جائے واقعہ سے 12 ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کی ہیں۔ اِن میں پانچ خاتون ماؤنواز ہیں۔ بیجاپور ضلع کے Pamed اور باساگوڑا علاقے میں کل جھڑپ ہوئی تھی۔ اِس علاقے میں سکیورٹی فورسز اور ماؤنوازوں کے بیچ دن بھر رُک رُک کر گولی باری ہوتی رہی۔

مرکزی ریزرو پولیس فورس کے آئی جی راکیش اگروال نے کہا ہے کہ CRPF، کوبرا بٹالین، ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ اور خصوصی ٹاسک فورس کی ٹیمیں اِس کارروائی میں شامل تھیں۔x

## Odisha MoS

اڈیشہ سرکار نے آج ہنرمندی کے فروغ، گرین اِنرجی اور صنعتی پارک کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تال میل کیلئے سنگاپور کی تنظیموں کے ساتھ آٹھ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی اور سنگاپور کے صدر تھرمن شن موگا رتنم کی موجودگی میں اِن مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔ سنگاپور کے صدر دو روزہ دورے پر آج صبح اڈیشہ پہنچے تھے۔ سنگاپور کے صدر کا دورہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ 28 اور 29 جنوری کو ہونے والے اُتکرش اڈیشہ - میک اِن اڈیشہ کنکلیو سے پہلے یہ اُن کا ریاست کا پہلا دورہ ہے۔ جناب شن موگا رتنم کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی وفد ہے جس میں وزراء، ممبران پارلیمنٹ اور اہلکار شامل ہیں۔x

## Badminton India Open

انڈیا اوپن بیڈمنٹن میں چراغ شیٹی اور ست وِک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ انھوں نے آج رات نئی دلّی کے، کے ڈی جادھو انڈور اسٹیڈیم میں کوارٹر فائنل میں Jin Yong اور Kang Min-hyuk پر مشتمل جنوبی کوریا کی جوڑی کو اکیس-دس، اکیس-سترہ سے شکست دی۔

انڈیا اوپن بیڈمنٹن میں پی وی سندھو خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں ہار گئیں۔ آج شام نئی دلّی کے ڈی جادھو انڈور اسٹیڈیم اُنھیں انڈونیشیا کی Grigoria Mariska Tunjung کے سامنے، نو-اکیس، اکیس-اُنیس، سترہ-اکیس سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔

دوسرے بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی کرن جارج کو بھی مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں چین کے Weng Hongyang کے سامنے تیرہ-اکیس، اُنیس-اکیس سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔x

## Kho Kho

کھوکھو عالمی کپ میں بھارتی خواتین کی ٹیم، بنگلہ دیش کو 109 کے مقابلے 16 سے ہراکر سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ یہ میچ آج اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ کپتان پرینکا Ingle کی قیادت میں بھارتی ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔

کل سیمی فائنل میچ ہوگا۔ خواتین ٹیم کی کوچ Munni Joone نے کہا ہے کہ ٹیم ایک مہینے پہلے سے ہی ورلڈ کپ کی اچھی تیاری کی تھی۔ انہوں نے کامیابی کا سہرا، بہتر منصوبہ بندی اور ٹیم ورک کو دیا ہے۔ x

## Australia Open

آسٹریلین اوپن ٹینس میں بھارت ممتاز کھلاڑی روہن بوپنا چین کے اپنے ساتھی کھلاڑی Zhang Shuai کے ساتھ آج صبح مکسڈ ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ بھارت-چینی جوڑی نے پہلے راؤنڈ میں کروئیشیا کے Ivan Dodig اور فرانس کی Krishtina Mladenovic پر مشتمل جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں چھ-چار، چھ-چار سے شکست دی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆